Islamiat (Urdu Medium) - 5th Class Islamiat Chapter 4 Short Questions

Q1. عفو و درگزر اور رحم دلی کی صفآت.

Ans 1: عفو در درگزر اور رحم دلی دونوں اللہ تعالی کی صفات ہیں اللہ تعالی پسندکرتا ہے کہ اس کے بندے بھی یہی صفات اپنائیں.

Q2. رحم دلی سے متعلق ایک حدیث

Ans 1: آپ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اہل زمین پر رحم کرو آسمان والا تم پر رحم کرے گا.

Q3. کفایت شعاری سے کیا مراد ہے.

Ans 1: کفایت شعاری سے مراد اپنے مال و دولت کو ضروریات کے مطابق خرچ کرنا ، اعتدال ، توازن اور میانہ روی کا راستہ اختیار کرنا اور غیر ضروری اخراجات سے پرہیز کرنا.

Q4. ہمیں خرچ کرتے ہوئے کس چیز سے کام لینا چاہیے.

Ans 1: ہمیں خرچ کرتے ہوئے کفایت شعاری سے کام لینا چاہیے.

Q5. رحم دلی کا مطلب کیا ہے.

Ans 1: اللہ کی مخلوق کے ساتھ نرمی اور شفقت سے پیش آنا رحم دلی کہلاتا ہے.

Q6. اسراف کیا ہے.

Ans 1: ضرورت سے زیادہ خرچ کرنا اسراف کہلاتا ہے.

Q7. رواداری کے دو فائدے .

Ans 1: 1- جس معاشرے میں رواداری ہو اس معاشرے میں ہر طرف امن ہوتا ہے. 2- ایک دوسرے کی رائے اور جذبات کے احترام کاسبق ملتاہے.

Q8. رواداری سے کیا مراد ہے.

Ans 1: دین اسلام میں دوسروں کے مذہبی عقائد ، جذبات اور رسم و رواج کا لحاظ رکھنا اور ان کو برداشت کرنا رواداری کہلاتا ہے.

Q9. کفایت شعاری کے بارے میں دو احادیث.

Ans 1: 1 - آپ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا. کھاؤ پیو، پہنو اور صدقہ کرو، اس میں فضول خرچی ہو نہ تکبر. 2 - آپ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا. جس نے خرچ کرنےمیں اعتدال سےکام لیا وہ کبھی محتاج نہ ہوگا.

Q10. ہمارا دین رواداری کے بارے میں کیا تعلیم دیتا ہے.

Ans 1: ہمارا دین تعلیم دیتا ہےکہ دوسرے مذاہبکے لوگوں کہ بھی اپنے عقیدے پر قائم رہنے کا حق دینا چاہیے. اور دوسرے مذہب کے لوگوں کے ساتھ رواداری سے پیش آنا چاہیے.